# Board of Intermediate & Secondary Education
# Malakand

## NOTIFICATION

**SUBJECT:** **CORRECTION IN STUDENT'S NAME, FATHER'S NAME & D.O.B IN RECORD OF BISE MALAKAND**

It has been observed that majority of the students of SSC and HSSC who have appeared in BISE Examinations, recorded incorrect spellings of their names or Date of Birth in their admission forms and they are wandering here and there in courts and Board office for seeking correction in their educational documents.

The responsible persons including Heads of Institutions, parents and students may check their particulars carefully which includes Name, Father's Name and Date of Birth from their school record before filling admission forms of BISE so that they may not suffer and the precious time of Board office also not be wasted.

In this regard, instructions (in Urdu) for making correction in student's name, father's name and Date of Birth are being enclosed with this notification as a ready reference to be followed while making correspondence to the Board authorities in future (Annex-A, B, C & D).

Heads of institutions are requested to ensure proper guidance of the students/parents who come to their institutions for seeking advice for making any sort of correction in their educational record. Your cooperation in this regards will highly be appreciated.

**CHAIRMAN**
B.I.S.E. Malakand

Endst: No. **1404/ASC/BISE-MKD** Dated: **24/09/2014**

**Copy for information & necessary action to the:**

1. All the District Education Officer (M/F) within the jurisdiction of B.I.S.E. Malakand with the request to disseminate the information to all the Heads of Institutions in your districts for compliance.
2. All Heads of Private and Government Institutions within the Jurisdiction of B.I.S.E. Malakand.
3. Private Secretary to Chairman B.I.S.E. Malakand.
4. Office Record.

**SECRETARY**
B.I.S.E. Malakand

# Board of Intermediate & Secondary Education Malakand

## A) داخلہ فارم میں تاریخ پیدائش کا اندراج:

داخلہ فارم جمع کراتے وقت دیکھا جائے کہ جس رجسٹر (تصدیق شدہ) سکول میں اندراج نہیں کیا گیا ہے یا غلط ہے۔ داخلہ فارم جمع کراتے وقت اگر طالب علم کی تاریخ پیدائش کا اندراج اس تسلیم شدہ (Recognized) سکول کے رجسٹر میں موجود نہیں ہے یا غلط ہے تو اس صورت میں بچے کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جو نادرا کا جاری کردہ ہو یا لوکل گورنمنٹ کی فراہم کردہ تاریخ پیدائش یا فوجی اداروں P.A.F/G.H.Q کے ریکارڈ کو دیکھ کر بچے اور والد کا نام دیکھ کر اندراج کیا جائے۔ بیرون ملک سکول سرٹیفکیٹ اسی صورت قابل قبول ہوں گے جب اس پر اس ملک میں موجود پاکستانی سفارتکار کے تصدیق شدہ ہو۔

## B) تاریخ پیدائش کی تصحیح:

کسی امیدوار کی تاریخ پیدائش کی تصحیح، میٹرک امتحان دیتے وقت یا پاس ہونے پر مندرجہ ذیل شرائط کے تحت ہونا ضروری ہے۔

i) اگر B.I.S.E میں ریکارڈ منتقلی یعنی رجسٹر یا کاغذات کو دوسرے رجسٹر یا کاغذات میں اندراج کے دوران دفتری (Clerical) غلطی کی وجہ سے ہو تو اس کے لیے شرائط:

a) اگر یہ تصحیح سرٹیفکیٹ کی اجراء کے چار سال کے اندر یا متعلقہ نتیجے کے نکلنے کے پانچ سال کے اندر ہو یعنی ان میں سے جو آخر میں ہو تو انہیں بغیر فیس کے نیا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

b) اگر امیدوار تصحیح کے لیے درخواست سرٹیفکیٹ کے اجراء کے چار سال بعد یہ متعلقہ رزلٹ کے پانچ سال بعد یعنی جو آخر میں ہو کے لیے درخواست دی جائے تو مجوزہ فیس جمع کرانے پر انہیں نیا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

ii) اگر BISE کے بجائے یہ دفتری غلطی (Clerical Mistake) کسی اور ادارے نے تاریخ پیدائش کو ایک ریکارڈ سے دوسرے ریکارڈ رجسٹر میں منتقلی کے دوران کی ہو تو شرائط:

a) اگر امیدوار حصول سرٹیفکیٹ کی تاریخ کے چار سال کے اندر یا متعلقہ نتیجے کے پانچ سال کے عرصے کے اندر درخواست دیتا ہے یعنی ان میں سے جو آخر میں ہے تو انہیں مجوزہ فیس بمع اوریجنل سرٹیفیکیٹ فیس جمع کرانے پر نیا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

b) اگر امیدوار تصحیح کے لیے سرٹیفکیٹ کے حصول کے چار سال بعد یا متعلقہ رزلٹ کے پانچ سال پورے ہونے پر درخواست دے یعنی جو بعد میں ہو تو انہیں سالانہ بنیاد پر اضافی فیس (Incremental Fee) لیٹ فیس کی صورت میں بمع اوریجنل سر ٹیفکیٹ فیس جمع کرانا ہوگا۔

## C) مندرجہ بالا a/b صورتیں مندرجہ ذیل شرائط کو بھی پورے کرتے ہوں۔

اگر جانچ پڑتال کے بعد بورڈ حکام تسلی حاصل کر لیں کہ مذکورہ غلطی ادارے یا EDO (سکولز) کے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ میں ان کی دفتری غلطی کی وجہ سے ہے یعنی ایک ریکارڈ رجسٹر سے دوسرے ریکارڈ رجسٹر کی منتقلی کے دوران ہوئی تو سرٹیفکیٹ کا اجراء کیا جائے گا۔

# Board of Intermediate & Secondary Education Malakand

## تاریخ پیدائش میں تبدیلی:

اگر امیدوار تاریخ پیدائش سرٹیفکیٹ جو سکول ریکارڈ یا CRC جو نادرا کی طرف سے ہوتا ہے کے مقابلے میں دوسرے کے لیے دعوی کرتا ہو تو انہیں مندرجہ ذیل شرائط کے تحت نیا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

a (I) اگر امیدوار سرٹیفکیٹ کی اجراء کے ایک سال کے اندر یا رزلٹ نکلنے کے دو سال بعد درخواست دے یعنی ان میں سے جو بھی آخر میں ہو تو:

i) امیدوار مجوزہ فیس جمع کرے گا۔

ii) عدالتی حکم نامہ / اجازت نامہ فراہم کرے گا۔

iii) امیدوار کو یہ ہدایت کی جائے گی کہ وہ بورڈ دفتر کے ریکارڈ میں کی گئی درستگی کے مطابق متعلقہ سکول اور نادرا میں بھی تصحیح کروالے۔

b (II) اگر امیدوار سرٹیفکیٹ کے حصول کے ایک سال بعد یا رزلٹ کے دو سال بعد درخواست دیتا ہے یعنی ان میں سے جو بھی ہو تو شرائط:

i) سالانہ بنیاد پر مجوزہ فیس جمع کرانا۔

ii) عدالتی حکم / اجازت نامہ فراہم کرنا۔

iii) امیدوار کو سمجھانا کہ یہ تصحیح سکول / نادرا میں بھی ایسی طریقے سے کرادے جیسا کے بورڈ میں کیا گیا ہے۔

## D) امیدوار کے نام یا اس کے والد کے نام میں تصحیح:

امیدوار کے نام یا والد کی تصحیح جو میٹرک کا امتحان دے رہا ہو یا امتحان پاس کر چکا ہو، مندرجہ ذیل شرائط کے تحت تصحیح کرا سکتا ہے۔

i) معمولی تصحیح (Minor Correction): اس میں کسی لفظ کا نکالنا، لگانا یا مٹانا ہوتا ہے۔ جیسے خان، جان، گل، محمد وغیرہ یا خاندان / قوم کے نام کو تبدیل کرنا، ایسی تبدیلیاں کسی بھی وقت بورڈ حکام کو مطمئن کرا کے کی جا سکتی ہیں۔ اس کیلئے کسی اخبار میں اشتہار اور مجوزہ فیس کو جمع کرانا ضروری ہے۔

ii) اگر غلطی بورڈ دفتر سے کلریکل غلطی کی صورت میں ہوئی ہے یعنی نام کو ایک ریکارڈ یا رجسٹر سے دوسرے رجسٹر یا کاغذات کی منتقلی کی صورت میں ہوئی ہو تو مندرجہ ذیل شرائط کے تحت تصحیح کرا سکتا ہے۔

a) اگر امیدوار حصول سرٹیفکیٹ کے بعد چار سال کے اندر یا رزلٹ آنے کے بعد یا پانچ سال کے اندر درخواست دے یعنی ان میں سے جو بھی ہو تو انہیں بغیر فیس کے نیا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

b) اگر امیدوار سرٹیفکیٹ کے حصول کے چار سال بعد یا رزلٹ کے پانچ سال بعد جو بھی ہو درخواست دے تو انہیں مقررہ فیس جمع کرانے کے بعد نیا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

# Board of Intermediate & Secondary Education Malakand

## اگر غلطی بورڈ سے باہر کسی ادارے میں ریکارڈ کی منتقلی کے دوران ہوئی ہے تو شرائط:

(a اگر امیدوار تصحیح کیلئے سرٹیفکیٹ کے چار سال کے اندر یا رزلٹ آنے کے بعد پانچ سال کے اندر درخواست دیتا ہے یعنی ان میں سے جو آخر میں ہو مجوزہ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس بھی جمع کرے گا۔

(b اگر امیدوار تصحیح کے لیے سرٹیفکیٹ کے اجراء کے چار سال بعد یا رزلٹ آنے کے پانچ سال بعد درخواست دے گا تو وہ سالانہ بنیاد پر مجوزہ اضافی فیس بمعہ اصل سرٹیفکیٹ فیس بھی جمع کرے گا۔

**مندرجہ بالا a/b صورتوں میں مندرجہ ذیل شرائط پوری کرنی ہوں گی۔**

(i بورڈ حکام جانچ پڑتال کے بعد تسلی حاصل کرلیں کہ سکول ریکارڈ یا EDO (سکولز) کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ واقعی دفتری غلطی (یعنی ریکارڈ سے نام کو دوسرے رجسٹر یا کاغذات میں منتقل کراتے وقت) کی گئی ہے۔

(ii اصل اخباری اشتہار کی کاپی (نقل) کو آفس میں جمع کرانا۔

## E) امیدوار کے نام کی تبدیلی:

اگر امیدوار اپنا یا خاندانی نام تبدیل کرانا چاہتا ہے تو وہ ذیل میں دی گئی شرائط کے مطابق ہو۔

(i امیدوار جس اخری ادارے میں پڑھا ہو اس ادارے کے سربراہ کی وساطت سے سیکرٹری صاحب کو درخواست دے گا۔
پرائیویٹ امیدوار کسی تسلیم شدہ ادارے کے سربراہ کے ذریعے درخواست دے گا۔

(ii اپنے دعوے کی حمایت میں عدالتی حکم نامہ/اجازت نامہ فراہم کرنا۔

(iii امیدوار مجوزہ فیس بمع اوریجنل سرٹیفکیٹ فیس جمع کرادے گا۔

(iv نومسلم نام کی تبدیلی کی صورت میں فیس جمع کرانے سے مستثنیٰ ہوں گے۔

## F) امیدوار کے والد کے نام کی تبدیلی:

امیدوار کے والد کے نام کو جو بورڈ کے ریکارڈ میں ہے مندرجہ ذیل طریقہ کار کے تحت تبدیل کرا سکتا ہے۔

(a امیدوار سیکرٹری صاحب کو درخواست اس وساطت سے بھیجے گا جس نے پہلے وہ نام بھیجا ہو۔

(b امیدوار مجوزہ فیس بمع اوریجنل سرٹیفکیٹ فیس جمع کرادے گا۔

(c امیدوار والد کے نام کی تبدیلی کے بارے میں عدالتی فیصلہ بورڈ دفتر میں جمع کروائے گا۔

**G) مندرجہ بالا تمام صورتوں میں یعنی A سے F تک کو الفاظ "عدالتی حکم نامہ/اجازت نامہ کو سرٹیفکیٹ از پولیٹیکل ایجنٹ" سے تبدیل کرایا جائے اگر امیدوار کا تعلق قبائلی علاقوں سے ہو۔**

Annex-E

# Board of Intermediate & Secondary Education
# Malakand

مختلف قسم کی تصحیح اور تبدیلی کے لئے شرح فیس حسب ذیل ہے:

| نمبرشمار | درستگی کی نوعیت | شرح فیس |
|---|---|---|
| 1 | داخل خارج(AWR) | -/1000روپے |
| 2 | داخل خارج (5سال بعد) | -/1000روپے فی سال |
| 3 | عدالتی فیصلہ کے ذریعے نام/ولدیت میں تصحیح | -/3000روپے |
| 4 | تاریخ پیدائش | -/2000روپے |
| 5 | پریس کٹنگ کے ذریعے تصحیح | -/2000روپے |
| 6 | ہجے کی غلطی تصحیح (Vowel Correction) | -/2000روپے |
| 7 | اصل سرٹیفکیٹ فیس | -/600روپے |

نوٹ: شرح فیس میں وقتاً فوقتاً ہونے والی تبدیلی لاگو ہوگی۔

(ڈاکٹر طارق محمود)

سیکرٹری

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ مالاکنڈ